Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۲ مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۹ محرم الحرام سنہ ۱۳۵۴ھ مطابق ۱۳ اپریل سنہ ۱۹۳۵ء جلد ۴۷

حصہ دوم

احکام منسٹر صاحبان وسکریٹری صاحبان بہادر

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

حکم اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم نے غلام علی خانصاحب سابق تحصیلدار کا عفو قصور فرما کر ان کو کسی مناسب جگہ کے خالی ہو جانے پر سرکاری ملازمت دیئے جانیکی اجازت عطا فرمادی ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ اور درج گزٹ ہو۔ ۴ ؍ اپریل ۱۹۳۵ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

عدالت العالیہ ہائیکورٹ ریاست رامپور

واقع ۴؍ اپریل ۱۹۳۵ء

فہرست پیشی مقدمات جنکی پیشی عدالت العالیہ ہائی کورٹ میں من ابتداء ۵؍ اپریل لغایت ۱۱؍ اپریل سنہ حال بوجہ تعطیلات محرم الحرام نہیں ہوئی منسلکہ برائے طبع مطبع سرکاری کو مرسل ہو اور لکھا جائے کہ جو گزٹ ۱۲؍ اپریل سنہ حال کو شائع کیا جائے اوس گزٹ میں فہرست مذکورہ بالا کو شائع کیا جائے۔

دستخط صاحب چیف جسٹس بہادر

۵؍ اپریل ۱۹۳۵ء جمعہ –	۶؍ اپریل ۱۹۳۵ء شنبہ –	۷؍ اپریل ۱۹۳۵ء یکشنبہ –	۸؍ اپریل ۱۹۳۵ء دوشنبہ –	۹؍ اپریل ۱۹۳۵ء سہ شنبہ
۱۰؍ اپریل ۱۹۳۵ء چہار شنبہ –	۱۱؍ اپریل ۱۹۳۵ء پنجشنبہ –	تعطیلات محرم الحرام شریف		

دستخط صاحب چیف جسٹس بہادر

حکم اجلاس صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر

عطائے تنخواہ

واقع ۴ر اپریل ۱۹۳۵ء

مثبتہ تحریر صاحب چیف انجینیر بہادر مطری تحریر انجینیر صاحب واٹر ورکس دربارہ سفارش عطائی تنخواہ ایام کارکردگی مسمی مراد علی آپریٹر ایمر پلانٹ خاص باغ بشرح تیس روپیہ ماہوار از ۸ر نومبر ۱۹۳۴ء و غایتہ ۲۸ر فروری ۱۹۳۵ء باظہار معذرات متعلق نہ جانے کام مراد علی مذکور کے بغیر حصول منظوری۔

حکم

صاحب چیف انجینیر بہادر کی خدمت میں مرسل ہو۔ کاغذات سے انجینیر صاحب واٹر ورکس کی خلاف اصول اور بے ضابطہ کارروائی ظاہر ہے۔ بہرحال اس مرتبہ نظرانداز کیا جاتا ہے۔ اور مراد علی کو ۸ر نومبر ۱۹۳۴ء تا غایتہ ۲۸ر فروری ۱۹۳۵ء کی تنخواہ بشرح تیس روپیہ ماہوار حسب سفارش صاحب چیف انجینیر بہادر دئے جانے کی منظوری دی جاتی ہے۔ لیکن آیندہ احتیاط کی ضرورت ہے۔

دستخط صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر

بغرض اجرائے احکام ضابطہ بخدمت ڈپٹی سکریٹری صاحب صدر مرسل ہو۔ ۱۰ر اپریل ۱۹۳۵ء

دستخط صاحب چیف انجینیر بہادر

حکم اجلاس صاحب فائنانس سکریٹری بہادر

رخصت

واقع یکم اپریل ۱۹۳۵ء

مثبتہ تحریر صاحب اکاؤنٹنٹ جنرل دربارہ منظوری رخصت مزید رعایتی ایکیوم ۲۳ر مارچ ۱۹۳۵ء ورضاء اللہ خاں مطری اڈیٹر متعینہ اکاؤنٹنٹ جنرل آفس مشاہرہ (۵۰) پنتالیس روپیہ تنخواہ و پانچ روپیہ ماہوار الاؤنس بوجہ انتقال عزیزہ نامبردہ بسلسلہ رخصت سابقہ و اجازت تعطیلات بدیں صراحت کہ نامبردہ کی مسلسل سولہ یوم کی رخصت رعایتی ۸ر تا غایتہ ۲۳ر مارچ ۱۹۳۵ء شمار ہوگی اور ایام رخصت کا الاؤنس نہیں دیا جائیگا۔

حکم

رخصت مطلوبہ ایکیوم منظور ہے۔ کل رخصت ۸ر تا غایتہ ۲۳ر مارچ رخصت رعایتی شمار ہوگی بغرض اجرائے احکام ڈپٹی سکریٹری صاحب صدر کی خدمت میں مرسل ہو۔

دستخط صاحب فائنانس سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب چیف انجینیر بہادر

رخصت

واقع ۹/۱۱ر اپریل ۱۹۳۵ء

مثبتہ تحریر صاحب ایگزیکٹیو انجینیر انہار دربارہ منظوری رخصت مزید رعایتی ایکماہ بابو کمال احمد نائب علاقہ دار نانڈہ از ۲۵ر مارچ تا غایتہ ۲۴ر اپریل ۱۹۳۵ء بسلسلہ رخصت سابقہ بوجہ بقائے علالت اہلیہ نامبردہ۔

حکم

حسب سفارش صاحب ایگزیکٹیو انجینیر انہار و بتصدیق اکاؤنٹ آفس منشی کمال احمد نائب علاقہ دار نانڈہ مشاہرہ دار بیس روپیہ ماہوار کی مزید رخصت ایکماہ رعایتی ۲۵ر مارچ ۱۹۳۵ء سے بانتظام سابقہ منظور کیجاتی ہے۔ کاغذات ذرا بغرض اجرائے احکام ضابطہ بخدمت جناب ڈپٹی سکریٹری صاحب صدر مرسل ہوا۔

دستخط صاحب چیف انجینیر بہادر

نقشہ اجناس ریاست رامپور۔

بابت ہفتہ دوم ماہ اپریل ۱۹۳۵ء

نام جنس	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	کیفیت
گندم			/۱۱			۱۳/ نیا ۱۳/	
نخود خالص			/۱۶			/۱۹	
نخود کتہ آمیز			/۱۸			/۱۶	
کتہ			/۱۹			/۱۸	
ماش			/۸			/۸	
مونگ			•			/۹	
مکا			/۱۵			/۱۲	
جئی			/۲۰			/۲۰	
گوجئی			•			/۱۸	
عدس			/۱۲			/۱۴	
ارہر			/۰۷			/۰۷	
برنج			۹/ انجنہ			۱۰/ [illegible]	
روغن زرد			۲ چھٹانک			[illegible]	
روغن سیاہ			/۰۳			/۰۳	
روغن کنجد			/۰۱			/۰۱	
نمک سانبھر			/۰۹			/۰۹	
نمک لاہوری			/۰۷			/۰۸	
قند سیاہ			/۰۶			/۰۸	
باجرہ			•			•	

مطبوعہ حنیف پریس رامپور